لیول

1



صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

سیرتِ کوئز

ASSAS INSTITUTE

پیش لفظ

پیارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت طیبہ کو جاننا اور پڑھنا ہر مسلمان کے لیے بے حد ضروری ہے۔ خصوصاً آج کل کے بچوں کے دلوں میں آپ ﷺ کی محبت اُجاگر کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ اسی لیے ادارہ اساس انسٹیٹیوٹ نے پہلی سے پانچویں جماعت تک کے بچوں کے لیے آسان سوال و جواب پر مبنی سیرت کوئز کتابچہ تیار کیا ہے۔ کتابچے کی خاصیت یہ ہے کہ اس میں سوال جواب کے ساتھ ساتھ حل طلب مشقیں بھی دی گئی ہیں۔

یہ نصاب ایس این سی حکومتِ پاکستان کے طے شدہ نصابی SLO's کے تحت ہر کلاس کے بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ جس میں ساتھ ساتھ آسان انداز میں اس کی تفہیم بھی کی گئی ہے۔ ہمیں پورا یقین ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے محبت سکھاتی ہوئی یہ سیرت کوئز سیریز آپ کے بچے کی دنیا اور آخرت سنوارنے میں معاون ثابت ہوگی۔ ان شاءاللہ!

پروجیکٹ
اساس انسٹیٹیوٹ

ٹائٹل ڈیزائنگ
محمد صفتِ الٰہی

ڈیزائنگ
محمد کفیل

مرتب
ابنِ محمد محمود

پروف ریڈنگ
شگفتہ یاسمین

اشاعت
پہلی

سن اشاعت
نومبر/دسمبر 2025


بسم الله الرحمن الرحيم



سبق نمبر

01

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ

حاصلاتِ تعلُّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

- حضرت محمد ﷺ کی ولادت مبارکہ کے بارے جان سکیں گے۔
- حضرت محمد ﷺ کے گھرانے کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔

سبق نمبر 01

ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مختصر سوالات

سوال نمبر 1: ہمارے نبی ﷺ کا نام مبارک کیا ہے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ۔

سوال نمبر 2: ہمارے نبی ﷺ کب پیدا ہوئے؟

جواب: ربیع الاول کے مہینے میں، پیر کے دن۔

سوال نمبر 3: حضرت محمد ﷺ کی پیدائش کی عیسوی تاریخ بتائیں؟

جواب: 22 اپریل 571 عیسوی۔

سوال نمبر 4: حضرت محمد ﷺ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: سعودی عرب کے شہر مکّہ مکرمہ میں۔

سوال نمبر 5: حضرت محمد ﷺ کی والد ماجد کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت عبد اللہ۔

سوال نمبر 6: آپ ﷺ کے والد ماجد نے کب وفات پائی؟

جواب: آپ ﷺ کے پیدا ہونے سے دو مہینے پہلے۔

سوال نمبر 7: آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت آمنہ۔

سوال نمبر 8: حضرت محمد ﷺ کی والدہ ماجدہ نے آپ کا نام کیا رکھا؟

جواب: احمد (ﷺ)۔

سوال نمبر 9: حضرت محمد ﷺ کی والدہ ماجدہ نے آپ ﷺ کی پیدائش پر کیا دیکھا؟

جواب: ایک روشنی دیکھی جس سے شام کے محلات روشن ہو گئے۔

سوال نمبر 10: بچپن میں حضرت محمد ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے۔

سوال نمبر 11: حضرت محمد ﷺ بچپن میں حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے پاس کتنے عرصہ رہے؟

جواب: چار سال۔

سوال نمبر 12: آپ ﷺ کے دادا کا نام کیا تھا؟

جواب: عبد المطلب۔

سوال نمبر 13: حضرت محمد ﷺ کے دادا نے آپ ﷺ کا نام کیا رکھا؟

جواب: محمد (ﷺ)۔

سوال نمبر 14: حضرت محمد ﷺ کے قبیلے کا کیا نام تھا؟

جواب: قریش

سوال نمبر 15: حضرت محمد ﷺ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

جواب: ہاشمی خاندان یعنی بنو ہاشم سے۔

سوال نمبر 16: جب حضرت محمد ﷺ کی والدہ فوت ہوئیں، اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: چھ سال۔

سوال نمبر 17: حضرت محمد ﷺ کی والدہ ماجدہ کی وفات کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: آپ ﷺ کے دادا حضرت عبد المطلب نے۔

سوال نمبر 18: جب حضرت محمد ﷺ کے دادا نے وفات پائی تو آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: آٹھ سال۔

سوال نمبر 19: حضرت محمد ﷺ کے دادا کی وفات کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: آپ ﷺ کے چچا حضرت ابو طالب نے۔

سوال نمبر 20: حضرت ابو طالب حضرت محمد ﷺ کے ساتھ کیسا سلوک کرتے تھے؟

جواب: وہ ہمیشہ اپنے بیٹوں سے بڑھ کر آپ ﷺ کا خیال رکھتے تھے۔

سوال نمبر 21: حضرت ابو طالب نے کب تک حضرت محمد ﷺ کا خیال رکھا؟

جواب: انہوں نے اپنی موت تک حضرت محمد ﷺ کا خیال رکھا۔

سوال نمبر 22: حضرت محمد ﷺ کی پہلی بیوی کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا۔

سوال نمبر 23: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کے وقت حضور ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: پچیس سال۔

سوال نمبر 24: اللہ تعالیٰ اپنے چنے ہوئے نیک افراد کو کیسے نبی بناتے تھے؟

جواب: وحی کے ذریعے۔

سوال نمبر 25: اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ پر پہلی وحی کب اور کہاں نازل فرمائی؟

جواب: 40 سال کی عمر میں، غار حرا میں۔

سرگرمیاں

1۔ درست لفظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

(عبد المطلب، نبوت، ربیع الاول، پیدائش، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا)

الف۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے مہینے میں پیدا ہوئے تھے۔

ب۔ نبی رحمت ﷺ کے والد ماجد، آپ ﷺ کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے پہلے وفات پا گئے تھے۔

ج۔ حضرت محمد ﷺ کے دادا کا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

د۔ نبی کریم ﷺ کا پہلا نکاح ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے ہوا۔

ھ۔ چالیس سال کی عمر میں آپ ﷺ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا اعزاز حاصل ہوا۔

2۔ کالم ملائیں۔

کالم الف	کالم ب
مکّہ مکرمہ	ایک قبیلہ
حضرت محمد ﷺ کے والد	حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا
قریش	ایک شہر
حضرت محمد ﷺ کی رضاعی والدہ	حضرت عبد اللہ

3۔ درج ذیل میں سے درست جملے کے سامنے ☑ اور غلط کے سامنے ☒ کا نشان لگائیں۔

الف۔ مکّہ مکرمہ سعودی عرب میں ہے۔ [ ]

ب۔ آپ ﷺ کے دادا کا نام ابو طالب تھا۔ [ ]

ج۔ والدہ کی وفات کے بعد حضرت محمد ﷺ کی پرورش چچا نے کی۔ [ ]

د۔ حضرت محمد ﷺ پر پہلی وحی چالیس سال کی عمر میں نازل ہوئی۔ [ ]

ھ۔ آپ ﷺ کا تعلق ہاشمی خاندان سے تھا۔ [ ]

4۔ حضرت محمد ﷺ کے خاندان کے افراد کے نام لکھیں۔





سبق نمبر 02

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ

حاصلاتِ تعلُّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صادق اور امین ہونے کے بارے میں جان سکیں۔
- سیرتِ طیّبہ کی روشنی میں اَخلاقِ حَسَنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں۔

سبق نمبر 02

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق حسنہ

مختصر سوالات

سوال نمبر 1: صادق کا کیا معنیٰ ہے؟

جواب: سچ بولنے والا۔

سوال نمبر 2: امین کا کیا مطلب ہے؟

جواب: دوسروں کی چیزوں کو باحفاظت رکھنے والا۔

سوال نمبر 3: ہمارے نبی ﷺ نے کس پہاڑی پر جا کر لوگوں کو آواز دی؟

جواب: صفا پہاڑی پر۔

سوال نمبر 4: حضرت محمد ﷺ نے صفا پہاڑی سے کن لوگوں کو آواز دی؟

جواب: مکّہ مکرمہ والوں کو۔

سوال نمبر 5: جب آپ ﷺ نے مکّہ والوں کو آواز دی تو انہوں نے کیا کیا؟

جواب: سب جلدی جلدی وہاں اکھٹے ہو گئے۔

سوال نمبر 6: حضرت محمد ﷺ نے لوگوں کو صفا پہاڑی سے کیوں خطاب کیا؟

جواب: ان کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے۔

سوال نمبر 7: حضرت محمد ﷺ نے مکّہ والوں کو صفا پہاڑی سے ہی کیوں آواز دی؟

جواب: اس زمانے میں اہم کام کے لیے لوگوں کو صفا پہاڑی کے پاس جمع کیا جاتا تھا۔

سوال نمبر 8: نبی کریم ﷺ نے مکّہ مکرمہ والوں سے کیا پوچھا؟

جواب: ”تم لوگوں نے مجھے کیسا پایا ہے؟“

سوال نمبر 9: مکّہ مکرمہ والوں نے حضرت محمد ﷺ کے سوال کا کیا جواب دیا؟

جواب: ”آپ ﷺ صادق اور امین ہیں۔“

سوال نمبر 10: مکّہ مکرمہ والوں سے سوال جواب کے بعد آپ ﷺ نے ان سے کیا فرمایا؟

جواب: ”اے لوگو! کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں تو تم فلاح پا جاؤ گے۔“

سوال نمبر 11: کون ہمیشہ سچ بولتے تھے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ۔

سوال نمبر 12: کس نے ہمیشہ امانتوں کا خیال رکھا؟

جواب: حضرت محمد ﷺ نے۔

سوال نمبر 13: کُفّار اپنی چیزیں کس کے پاس رکھواتے تھے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کے پاس۔

سوال نمبر 14: حضرت محمد ﷺ نے دوسروں کو کیا سکھایا؟

جواب: سچائی اور ایمانداری۔

سوال نمبر 15: سچ کس طرف لے کر جاتا ہے؟

جواب: نیکی کی طرف۔

سوال نمبر 16: امانت کے بارے میں ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ سنائیں!

جواب: ”جس میں امانت نہیں، وہ سچا مومن نہیں۔“

سوال نمبر 17: حدیث کی کس کتاب سے یہ حدیث مبارکہ لی گئی ہے؟

جواب: مسند احمد (حدیث نمبر 5140)۔

سوال نمبر 18: سچ کے بارے میں ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ بتائیں!

جواب: ”سچ نیکی کی طرف لے کر جاتا ہے“۔

سوال نمبر 19: حدیث کی کس کتاب سے، یہ حدیث مبارکہ لی گئی ہے؟

جواب: صحیح بخاری، (حدیث نمبر 6094)۔

سوال نمبر 20: حدیث کی مشہور کتابیں کتنی ہیں؟

جواب: چھ۔

سوال نمبر 21: حدیث کی چھ مشہور کتابوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: صِحاح ستّہ۔

سوال نمبر 22: اللہ تعالیٰ کس کو پسند کرتا ہے؟

جواب: سچ بولنے والوں کو۔

سوال نمبر 23: ہمیں سب سے زیادہ کس سے محبت کرنی چاہیے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ سے۔

سوال نمبر 24: حضرت محمد ﷺ کے اِن اَخلاقِ حَسَنہ سے ہمیں پہلا سبق کیا حاصل ہوتا ہے؟

جواب: ہم ہمیشہ سچ بولیں۔

سوال نمبر 25: حضرت محمد ﷺ کے اِن اَخلاقِ حَسَنہ سے ہمیں دوسرا سبق کیا حاصل ہوتا ہے؟

جواب: ہم دوسروں کی امانت کا خیال رکھیں۔

سرگرمیاں

1۔ درست لفظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

(امانتوں، سچ بولنے والا، صفا، باحفاظت، نیکی)

الف: صادق کا معنیٰ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

ب: حضرت محمد ﷺ نے مکّہ والوں کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پہاڑی سے آواز دی۔

ج: آپ ﷺ کافروں کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا خیال رکھتے تھے۔

د: امین کا مطلب ہے دوسروں کی چیزوں کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ رکھنے والا۔

ھ: سچ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی طرف لے جاتا ہے۔

۔کالم ملائیں:

کالم الف	کالم ب
جس میں امانت نہیں	سچائی اور امانت داری سکھائی۔
اے لوگو! کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں	وہ سچا مومن نہیں۔
آپ ﷺ نے دوسروں کو بھی	ہمیشہ سچ بولیں۔
ہمیں چاہیے کہ سنت پر عمل کرتے ہوئے	تو تم فلاح پا جاؤ گے۔
سچ بولنے والے کو اللہ تعالیٰ	پسند کرتا ہے۔

3۔ درج ذیل میں سے درست جملے کے سامنے ☑ اور غلط کے سامنے ☒ کا نشان لگائیں۔

الف: حضرت محمد ﷺ نے مروہ پہاڑی پر مکہ والوں سے خطاب کیا۔ [ ]

ب: صادق کا معنی ہے دوسروں کی چیزوں کو باحفاظت رکھنے والا۔ [ ]

ج: مکّہ کے لوگ حضرت محمد ﷺ کو صادق اور امین مانتے تھے۔ [ ]

د: کافر اپنی چیزیں آپ ﷺ کے پاس رکھواتے تھے۔ [ ]

ھ: جھوٹ بولنے والوں کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔ [ ]

4۔ احادیث کی چھ کتابوں (صحاحِ ستّہ) کے ناموں میں رنگ بھریں

